نوٹ: کل پانچ سوال حل کریں ہر حصہ سے دو سوال حل کریں سوال نمبر 8 لازمی ہے جس کے 12 نمبر ہیں باقی ہر سوال کے 22 نمبر ہیں۔

حصہ اول

سوال ۱: معاشی احتیاجات سے کیا مراد ہے؟ معاشی احتیاجات کی خصوصیات تفصیل سے بیان کریں۔

سوال ۲: قیمت کا تعین کس طرح ہوتا ہے؟ خاکہ اور گوشوارہ کی مدد سے بیان کیجئے۔

سوال ۳: پاکستان کی اہم درآمدات اور برآمدات تفصیل سے بیان کریں۔

سوال ۴: بینک کی تعریف کریں اور تجارتی بینک کے اہم فرائض لکھیں۔

حصہ دوئم

سوال ۵: وفاقی حکومت کی آمدنی کے ذرائع اور اخراجات کی مد میں بیان کریں۔

سوال ۶: تقسیم ہند کے وقت پاکستان کی صنعتی پسماندگی کے اسباب بیان کریں۔

سوال ۷: مندرجہ ذیل میں سے کسی تین پر مختصر نوٹ لکھیں۔

اجرت دولت زکوۃ ہنڈیاں

سوال ۸: (الف) درج ذیل میں دیئے گئے جوابات میں سے درست جواب کا انتخاب کر کے خالی جگہوں کو پر کریں۔

(۱) ''سرمایہ'' کے معاوضہ کی ادائیگی کو .... کہا جاتا ہے۔ (اجرت، نفع، سود)

(۲) ''لگان'' کا سب سے مشہور نظریہ .... نے پیش کیا (ریکارڈو، آدم اسمتھ، مالتھس)

(۳) انسانی احتیاجات .... ہیں (محدود، لامحدود، یکساں)

(۴) نظریہ آبادی .... نے پیش کیا (آدم اسمتھ، مالتھس، مارشل)

(ب) درست جملوں کے سامنے درست اور غلط کے سامنے غلط لکھیں۔

(۱) انسانی احتیاجات کی تسکین کی صلاحیت کو افادہ کہتے ہیں۔ (غلط۔ صحیح)

(۲) معاشیات میں قدر اور قیمت میں کوئی فرق نہیں ہے۔ (غلط۔ صحیح)

(۳) افادہ مختتم معاشیات میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ (غلط۔ صحیح)

(۴) چیک اور بینک ڈرافٹ زر ضمانت کہلاتے ہیں۔ (غلط۔ صحیح)